© rasailojaraid.com



# علماءِ کرام واہلِ قلم سے التماس

جناب کے علم میں ہے کہ پرانے اور چلتے چلاتے موضوعات پر لکھنے والوں کی کمی نہیں، جدید دور کے تقاضوں کے مطابق نئے اور اچھوتے موضوعات پر مواد کی ضرورت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ علمی و تحقیقی مضامین لکھ کر عصرِ حاضر کی ضرورت کو پورا کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ دیوبندی بریلوی، شیعہ سنی اور دیگر مسلکی و گروہی اختلافات پر مشتمل رسائل و مضامین کے انبار ہیں، مگر مثبت لٹریچر نایاب یا بمشکل تمام ہی دستیاب ہے۔ ہماری اہلِ قلم سے درخواست ہے کہ حسبِ ذیل و دیگر جدید موضوعات پر مضامین تحریر فرمائیں اور اپنا زورِ قلم علم و تحقیق کی روشنی میں مثبت مواد کی فراہمی میں صرف فرما کر مجلہ فقہِ اسلامی سے تعاون فرمائیں۔ فجزاکم اللہ احسن الجزاء۔

۱۔ مختلف ممالک میں مسلم جہادی تنظیموں کے فدائی حملوں اور دیگر کاروائیوں کی شرعی حیثیت

۲۔ بیوولنٹ فنڈ سے استفادہ اور اس کے استعمالات کی شرعی حیثیت ......

۳۔ عالم اسلام میں یہودی و عیسائی مشنری تنظیموں کی سرگرمیوں کے حوالہ سے علماء و دین مدارس کی ذمہ داریاں اور ان کے پھیلائے ہوئے جال کے توڑ کی تجاویز؟

۴۔ اسلام پر دہشت گردی کا الزام عائد کرنے والے منفی لٹریچر کا تنقیدی مطالعہ اور تدارک کی تدبیر؟

۵۔ عصرِ حاضر کے تقاضوں کے مطابق فقہی مواد کی تشکیل جدید کی صورت گری؟

۶۔ گزشتہ سو برس میں علمِ فقہ پر ہونے والے اجتہادی کام کا جائزہ

۷۔ گزشتہ صدی کے پاکستانی سنی علماء کی فقہی خدمات کا ایک مفصل جائزہ

۸۔ جدید فقہی مسائل پر گزشتہ سو برس میں لکھنے والے پاکستانی علماء اور ان کی تالیفات کا تنقیدی جائزہ۔

۹۔ عصرِ حاضر میں تقلید اور اجتہاد کی حدود کا تعین اور اجتماعی اجتہاد کے امکانات کا جائزہ

۱۰۔ انقلابِ ماہیت، انٹرنیٹ، زکوۃ، جبری شادی

۱۱۔ صحیح العقیدہ اسلامی ویب سائٹس Websites کا انڈکس اور ان میں موجود مواد کا تنقیدی جائزہ

۱۲۔ انٹرنیٹ پر موجود مخالفِ اسلام مواد کی نشاندہی اور اس کا تدارک

۱۳۔ گزشتہ صدی میں قائم ہونے والے مدارس عربیہ اسلامیہ کی عمومی خدمات کا تاریخی جائزہ

۱۴۔ قیامِ پاکستان سے اب تک دینی مدارس کے فارغ التحصیل علماء کی قابلِ ذکر ملکی و ملی، دینی، سیاسی، اور بین الاقوامی خدمات کا جائزہ۔

(نور احمد شاہتاز)

فضل العالم علی العابد کفضل القمر علی سائر الکواکب (سنن ابو داود و ترمذی)

© rasailojaraid.com